# دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

# جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

## چائلڈ گائیڈینس سینٹر میں عالمی بریل ڈے کا اہتمام

New Delhi, 05th January 2026

ڈاکٹر ذاکر حسین میموریل ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام چلنے والے چائلڈ گائیڈینس سینٹر (سی جی سی) نے اپنے کمپس میں مورخہ پانچ جنوری دو ہزار چھبیس کو 'امپاورمنٹ تھرو نالج اینڈ ٹکنالوجی' کی تھیم کے ساتھ عالمی بریل ڈے منعقد کیا۔

پروگرام کا انعقاد ڈاکٹر محمد فیض اللہ خان کارگزار جنرل سکریٹری، ڈاکٹر ذاکر حسین میموریل ویلفیئر سوسائٹی کی رہنمائی میں کیا گیا۔سیشن کے دوران سینٹر کے اسٹاف اراکین کو بریل رسم خط کے موجد لوئیس بریل کی حیات و خدمات کے متعلق بتایا گیا۔بصری خامی کے باوجود ان کی غیر معمولی مستقل مزاجی کی وجہ سے لکھنے اور پڑھنے کا انقلاب آفریں نظام وجود پذیر ہوا جس نے بصری لحاظ سے کمزور افراد کی تعلیم اور معلومات تک رسائی کو قابل ذکر حد تک بہتر کیا تھا۔

بصری لحاظ سے کمزور افراد کو بااختیار بنانے اور معاشرے میں ان کی آزادی اور شرکت کو فروغ دینے کے لیے اجلاس میں بریل کے ساتھ ساتھ جدید معاوناتی ٹکنالوجی کے رول کو بھی اجاگر کیا گیا۔

اس موقع پر چائلڈ گائیڈینس سینٹر کے پروجیکٹ ڈائریکٹر جناب نسیم احمد نے معذور افراد کے لیے سازگار ماحول کی تیاری کے لیے بیداری، شمولیت اور معلومات و ٹکنالوجی کے موثر استعمال کی اہمیت پر زور دیا۔انہوں نے مساوی مواقع اور شمولیتی طرز عمل کے فروغ کے تئیں سینٹر کے عہد کا اعادہ کیا۔

چائلڈ گائیڈینس سینٹر میں عالمی بریل ڈے کے انعقاد سے خاص ضرورتوں کے حامل افراد کو تعلیم، بیداری اور معاوناتی خدمات کے توسط سے بااختیار بنانے،حساسیت بخشی اور وکالت کے تئیں سینٹر کی متواتر کوششوں کا اندازہ ہوتا ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلیٰ،تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ